بسم اللہ الرحمن الرحیم

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا ۚ يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا ۚ وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾



پیر، 20 جمادی الاول، 1445ھ | 04/12/2023 | نمبر: 1445/23

پریس ریلیز

# یہودی وجود نے قتل عام کا دوبارہ آغاز کر دیا ہے، خلافت علیٰ منہاج النبوۃ کو قائم کرو تاکہ امت اور اس کی افواج کو متحرک کیا جا سکے

یہودی وجود نے غزہ کے مسلمانوں کا دوبارہ قتل عام شروع کر دیا ہے۔ آسمان دھوئیں اور آگ سے بھر گیا ہے، جبکہ زمین مسلمانوں کے خون اور آنسوؤں سے سیراب ہو رہی ہے۔ یہودی وجود ہماری عورتوں اور بچوں سے جنگ کر رہا ہے، حالانکہ اس کے فوجی اڈے پاکستان کے میزائلوں کی پہنچ میں ہیں۔ یہودی وجود مسلمانوں کا مقدس خون بہا رہا ہے، جبکہ پاکستانی قیادت، قطر سمیت پوری دنیا میں پاکستان کی فوجیں بھیجتی رہی ہیں، جو غزہ کو براہ راست گراؤنڈ لائن آف کمیونیکیشن فراہم کرتا ہے۔ یہودی وجود حملہ آور ہے، جبکہ اس کو روکنے اور پسپا کرنے کیلئے کوئی فوج مقابلے میں نہیں، حالانکہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے حکم دیا ہے، **وَاقْتُلُوهُمْ حَيْثُ ثَقِفْتُمُوهُمْ وَأَخْرِجُوهُمْ مِنْ حَيْثُ أَخْرَجُوكُمْ، "قتل کرو انھیں جہاں بھی تم ان کو پاؤ، اور نکال دو ان کو وہاں سے، جہاں سے انھوں نے تمھیں نکالا ہے۔"** (سورۃ البقرۃ، 2:191)

پاکستان کے حکمران یہودی وجود کی ہر طرح سے مدد کر رہے ہیں۔ وہ مسلمانوں اور ان کی فوجوں کو جارح دشمن کے بارے میں اللہ تعالیٰ کے حکم کی تعمیل کرنے سے روکتے ہیں۔ یہ گھٹیا اور پست حکمران کمزور معاشی وسائل کا جواز پیش کرتے ہیں، جبکہ خود وہ صلیبیوں کے ساتھ مل کر ملک کی معاشی تباہی کا کام کرتے ہیں، حالانکہ پاکستان دنیا کے بیش بہا قیمتی وسائل سے مالا مال ہے۔ یہ دھوکے باز حکمران مسلمانوں کے درمیان دشمنی کا عذر پیش کرتے ہیں، جبکہ وہ خود امت کے ساتھ ایمان، اخوت اور اتحاد کی بنیاد پر معاملہ کرنے کے بجائے تفرقہ انگیز قوم پرستی کو ہوا دے کر دشمنی کو ہوا دیتے ہیں۔ یہ غدار حکمران یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ آس پڑوس کے دشمن ہم پر حملہ کر دیں گے، حالانکہ مغربی عالمی نظام کے سامنے سر تسلیم خم کر کے، جس نے امت اسلامیہ کے جسم کو پچاس سے زیادہ ریاستوں میں تقسیم کر رکھا ہے، انھوں نے خود مسلمانوں کو اپنے دشمنوں کے سامنے کمزور رکھا ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان گھٹیا، دھوکے باز اور غدار حکمرانوں کا جلد خاتمہ فرمائے۔

**اے پاکستان کے مسلمانو!** اٹھو مسجد اقصیٰ کے دفاع میں! مسجد اقصیٰ، اسراء کی سرزمین اور رسول اللہ ﷺ کی معراج پر جنگ اکتوبر 2023 میں نہیں بلکہ 1948 میں شروع ہوئی تھی۔ اس کے بعد سے اب تک اللہ سبحانہ و تعالیٰ کا حکم ایک ہی ہے، اپنے مؤمن بھائیوں کے ساتھ مل کر دشمن کا مقابلہ کرنا۔ جہاں تک مسلح افواج میں آپ کے

بیٹوں اور بھائیوں کا تعلق ہے، تو وہ آپ میں سے ہیں اور آپ جیسے ہیں۔ وہ بھی بے چین اور درد میں ہیں، جیسا کہ آپ ہیں۔ ان میں اور آپ کے درمیان فرق یہ ہے کہ اُن کے پاس اس تکلیف کی وجہ، یعنی یہودی وجود، کو ختم کرنے کی طاقت، قوت ارادی، تربیت اور ذرائع ہیں۔ انہیں یاد دلائیں کہ اگر وہ حکمرانوں کو معزول کر کے متحرک ہوں گے، تو آپ پوری امت اسلامیہ کے ساتھ ان کا ساتھ دیں گے۔ اور سب سے بڑھ کر اللہ عزوجل اپنے مومن، فرمانبردار بندوں کی حمایت کرتا ہے۔

**اے افواج پاکستان کے مسلمانو!** آپ کی اللہ سبحانہ و تعالیٰ کے سامنے اطاعت کسی بھی اور شخص کے سامنے اطاعت سے بڑھ کر ہے۔ گناہ سے توبہ، اللہ سبحانہ و تعالیٰ کی اطاعت کی کوشش میں مضمر ہے۔ جہاد سے بڑھ کر اللہ کی اطاعت کا کوئی عمل نہیں۔ اور شہید سے بڑھ کر کسی کیلئے کوئی انعام نہیں۔ اللہ عزوجل کا حکم ہے کہ غزہ کے مسلمانوں کی حمایت میں متحرک ہو جاؤ، جس کی آپ نافرمانی نہیں کر سکتے۔ پاکستان کی قیادت آپ کو کبھی نہیں بھیجے گی۔ اس نے اپنی سیاسی مرضی استعمار کے حوالے کر دی ہے۔ جو بھی آپ کو روکتا ہے اسے ہٹا دیں۔ ایسی سیاسی قیادت قائم کریں جو پوری امت اور اس کی فوجوں کو متحرک کر کے دشمنوں کو شکست دے اور انہیں پسپائی پر مجبور کر دے۔ اے **محمد** بن قاسم کے فرزندو! یہ صرف نبوت کے نقش قدم پر قائم خلافت ہے جو شہادت اور فتح کے حصول میں آپ کی مدد کرے گی۔ تو حزب التحریر کو اپنی نصرت عطا کریں اور دشمن کو کچل دیں!

## ولایہ پاکستان میں حزب التحریر کا میڈیا آفس